سوال

(257) سویا ہوا آدمی اس وقت جاگے جس وقت آفتاب الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سویا ہوا آدمی اس وقت جاگے جس وقت آفتاب طلوع یا غروب ہورہا ہو تو ایسے شخص کو اسی وقت نماز پڑھنی ہوگی یا تھوڑی دیر رکے تاکہ آفتاب پورا طلوع یا غروب ہو جائے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں آیا ہے نیند میں قصور نہیں۔ مسلمان اگر نیند میں بے اختیار پڑا رہے۔ تو جس وقت جاگے وہی اس کا وقت ہے۔ اس کے بعد علماء دو گروہ ہوگئے ہیں۔ ایک گروہ تو یہی کہتا ہے۔ کہ جب جاگے پڑھ لے۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ اوقات مکروہہ میں نہ پڑھے۔ بلکہ زرا دیر بعد جائز اوقات میں پڑھے۔ ان دونوں خیالوں میں سے جو خیال کسی کو پسند ہو اختیار کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص451

محدث فتویٰ